ارتھ:۔ ہے فرید! موت کا کٹن رد ایسا دکھائی دیتا ہے۔ جیسے کہ کناروں کو گراتا ہوا دریا اور سنتے ہیں کہ آگے تپ کی آگ چل رہی ہے اور وہاں ہاہا کار مچی ہوئی ہے۔ کیونکہ کو تو سمجھ آگئی ہے۔ اور کئی پچھے پچھتاوا ہیں۔ جو کام اس سنسار میں کیئے ہیں۔ دیوگیان کے گھر جا کر ہی کھشی ہوں گے۔

(۹۹)

فریدا دریا دے کنے بگلا بیٹھ کلول کرے
کھیل کریندے سمجھ دوں چنتے باج پیئے
باج پیئے تس ریڈے کھیلاں وسارباں
جو من چیت نہ چیت سن سو گالی رب کیاں

ارتھ:۔ فرید جی کہتے ہیں۔ کہ ندی کے کنارے بیٹھا ہوا بگلا کلول کرتا ہے۔ اس کا کلول کرتے ہوئے بگلے پر باز آ جھپٹا۔ بھگوان کا بھیجا ہوا باز جب آ جھپٹا۔ تب بگلے کو سارے کھیل کھول گئے جن کا وچار تک نہ تھا۔ ایسی ہیں الیشور کی باتیں۔

(۱۰۰)

ساڈے ترے سن دیہوری چلے پانی اں
آیو بنا ونی وچہ دت آسونی بن!
ملک الموت جا آوسی سب دروازے بھن
تناں پیاریاں بھائیاں اگے ونا ئن!
ویکھو نیڑا چلیا جھوں جنیں دے کن
فریدا عمل جے کیتے وان وچہ درگاہ آوے کم

ارتھ فرید جی کہتے ہیں۔ کہ منش کا یہ بھاری بھرکم شریر پانی کے سہارے چلتا پھرتا ہے۔ منش سنسار میں کئی پاپ کاری خواہشوں کے روپ میں آیا ہے۔ جب یم دوت نے آنا ہے۔ تب سب دروازے توڑ کر چار بھائیوں کے کندھے پر سوار ہو کر جاتا ہے۔ منش کے تت کرم آگے چل کر کام آئیں گے۔

(۱۰۱)

فریدا رُت پھری وَن کمبھیا پَت جھڑیا ہے
چالے کنڈاں ڈھونڈیاں رہن کتھاؤں ناہے

ارتھ:۔ فرید جی کہتے ہیں۔ کہ بڑھاپا آن پہنچا ہے۔ جوانی چلی گئی ہے۔ انگ کمزور ہو گئے ہیں۔ اپنی طرف سے بچانے کے ٹپے تین کئے۔ کنتو ایسا نہ ہو۔ یہ دکھائی نہیں دیتا۔

(۱۰۲)

فریدا ہُو واں رتی نہ بکشیاں جنگل جیاں واس
کنکے چگن تھل بسن رب نہ چھوڑن واس

ارتھ:۔ فرید جی کہتے ہیں۔ کہ میں اُن بکشیوں پہ قربان جاؤں۔ جو کہ کند مُول کھا کر جنگل میں رہتے ہیں اور الشید کا بھجن کرتے رہتے ہیں۔

(۱۰۳)

فریدا پاڑ پٹولا دھیج کہ میں کمبلڑی پہرائیو
جنے ویسے شوہ ملے۔ سہی ویس کریئو

ارتھ:۔ ہے فرید کپڑے پھاڑ دوں اور کفن پہن لوں۔ جس ویش سے الشید ملے وہی بھیس کر لوں۔

(۱۰۴)

کاہے پٹولا پاڑئی کمبلڑی پہرے!
نانک گھر ہی بیٹھیاں سو ہی ملے جے نیت راس کرے

ارتھ:۔ اوپر کت شلوک کا جواب دیتے ہوئے شری گورو امر داس جی کہتے ہیں۔ کہ کپڑے پھاڑنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ یدی انتہ کرن شدھ ہے۔ تو الشید گھر بیٹھے ہی مل جائے گا۔

(۱۰۵)

فریدا گرب جناں و ڈیاں دھن جوبن سا گاہو
خالی چلے دھنی سیوں پٹے جیون کن ہاہو

ارتھ:۔ گرب اور ابھیمان کے پتلے الشید کے بندے اُسی پر کار سے خالی جاتے ہیں۔ تن پر کا سے اُونچے ٹیلے سے درشا

(۱۰۶)

فریدا تِناں مکھ ڈراؤنے وسا لیونا ں
اتھے دُکھاں گھریا۔ اگے ٹھور نہ ٹھاؤں

ہے فرید! جنہوں نے بھگوان کا نام بھلا دیا ہے۔ اُن کے مُکھ بھیانک ہیں۔ وہ اس سنسار میں دُکھ اُٹھاتے ہیں۔ اور الشید کے گھر بھی اُن کے لئے کوئی جگہ نہیں ہے۔

(۱۰۷)

فریدا وچھلی راتنے جاگیو جیونند دار لویو
جے تہی رب وسار یا تہی رب نہ وسر لویو!

ارتھ:۔ ہے فرید! بدی تو یہ اتنہ کالی یہ ہم ہوردت میں ارتھ نہیں تو تو زندہ ہوتا ہوا بھی مردے کے سمان ہے۔ بدی تو نے شیور کو بھلا دیا ہے۔ کنتو شیور نے تجھے نہیں بھلایا۔

(۱۰۸)

فریدا کنت رنگاولا لڑا بے محتاج
اللہ سنتی ژیاں ایہ سچا وساج!

ارتھ:۔ اے فرید! وہ شیور بڑا ہی بے پرواہ ہے۔ اس میں لین دین کا ہی سچا سادھن ہے۔

(۱۰۹)

فریدا دکھ سکھ اک کر دل تے لاہ وکار!
اللہ بھاوے سو بھلا تاں لیکھے دربار

ارتھ:۔ اے فرید! دکھ اور سکھ کو ایک جیسا خیال کر کے جو کچھ گیان کو یاد کرتا ہے۔ وہی اچھا ہے۔

(۱۱۰)

فریدا دنی وجائی وحیدی تو بھی وچے نال

سوئی جیو نہ وحیا جس اللہ کرداسار

ارتھ:۔ سنسار نقل کرنے والا ہے۔ اور تو بھی کچھ گیان جس پرکار کرتے ہیں۔ وہ نقل نہیں کرتا۔

(۱۱۱)

فریدا دل رتا اس دنی سو دہن کتے کم
مثل فقراں گا کھڑی سو پئے پور کرم!

ارتھ:۔ من سنسار میں رہتا ہے۔ کنتو یہ سنسار کسی کام کا نہیں فقیروں کی مریادہ بڑی کٹھن ہے۔ یہ سنتا کھگتی سے کہی پراپت ہوتی ہے

(۱۱۲)

پہلے پہرے پھلڑا پھل بھی پچھاں رات
جو جاگن لہن سے سائی کنوں وات!

ارتھ:۔ رات کے پہلے پہر پھول لگتا ہے۔ پچھلے پہر پھل پراپت ہوتا ہے۔ جو جاگتے ہیں۔ وہ شیور سے نام دھن پراپت کرتے ہیں۔

(۱۱۳)

واتیں صاحب سندیاں کینا چلے تس نال!
اک جاگندے نہ لہن اکناں سنیاں دے اٹھال

ارتھ:۔ دین الشیور کا ہے۔ اور مالک کے ساتھ کوئی زحد نہیں چلتا ایک تو جاگتے ہوئے ہی اُس کے آخیر باز سے رہتے ہیں اور ایک ایسے ہیں کہ جن پہ وہ سوتے ہوئے اپنے آخیر والوں کے سنگھوں کی درشا کرتا ہے۔

(۱۱۴)

سیا منجھ کھان اے صبر کا ہنڑو
صبر سنداباں خالق خلقانہ کہیں!

ارتھ:۔ اس میں ستوش کا ہی تبر ہے۔ اور ستوش کا ہی کھان ہے جو کہ الشیور بھی کبھی خالی نہیں جانے دیتا۔

(۱۱۵)

ڈھونڈیندے سہاگ کو تن کائی کوہ
جاں ناؤں سہاگنی تناں جھاکن ہور!

ارتھ:۔ ہے سہاگ کی بات کرنے والی تیرے شریر میں کوئی دوش اوگنیہ ہے کیونکہ جس کا نام سہاگن ہے اس کے پاس بھلا اپنے پتی کے اتر اکت دوسرے کی بات چیت کرنے کیلئے وقت کہاں ہے

(۱۱۶)

صابر انند صابری تن ایویں جالے
ہو نر یک خدا وے کھتین کیدے

ارتھ:۔ ستوشی ستوش میں ہی اپنے شریر کو جلاتا ہے۔ اور اسی پرکار الشیور کے تو دیپک ہو جاتا ہے۔ کنتو کبھی کسی کو نہیں تپاتا۔

(۱۱۷)

صبر راہیو سوآوے تُوں نند اور دوہ کریں
دودھ تھیوے دریاب ٹُٹ نہ تھیوے وارڈا

ارتھ:۔ فرید جی کہتے ہیں۔ کہ صبر کا یہ لابھ ہے کہ یدی تو پورن روپ سے ستوش کرے۔ تو ندی بن جائے گا۔ ہمیں تو چھوٹا سا نالہ بن کر رہ جائے گا۔

(۱۱۸)

تن تیے تنور جیوں بالن ہڈ بلن!
پیری تھکاں سر جلاں جے میں پریم ملن

ارتھ:۔ یہ شریر تنور کے سمان ہے ہڈیاں لکڑی کے سمان جلیں۔ پیروں سے تھک کر لاچار ہو جاؤں۔ تو سر کے بل چلوں۔ یدی مجھے پریتم ملے۔

(۱۱۹)

فریدا ورو ورو ویشی نگا کھڑا جیو پڑی پریت
اگن کنے چلائیے درویشاں دی ریت!

ارتھ:۔ ہے فریدا! فقیری کا مارگ بہت مشکل ہے ایسی تلوار کی دھار جیسی فقیروں والی ریت یعنی راہ پر چلنا ہو۔

تن نہ تپائے تنور جیوں بالن ہڈ بال
سر پیرنی کیا پھرنا اندر پیری نہال

ارتھ:۔ تندور کے سمان تاپنے کی تپتا ہڈیوں کو ایندھن کے سمان جلانے کی ضرورت نہیں۔ تیرے سر اور پیروں تلے کیا بگاڑا ہے تو اپنے الیشور کو اپنے اندر دیکھ۔

(۱۲۱)

ہوں ڈھونڈنیدی سجناں منڈے نال
نانک الکھ نہ لکھیئے گور مکھ دے نال

ارتھ:۔ شری گورو نانک دیو جی کہتے ہیں کہ میں الیشور کو ڈھونڈتا پھرتا ہوں۔ کنتو الیشور میرے ساتھ ہے۔ وہ نہ لکھے جانے والا سوامی لکھا نہیں جا سکتا۔ کوئی الیشور کا پیارا ہی اُسے دیکھ سکتا ہے۔

(۱۲۲)

ہنسال ویکھ تریندیاں لگاں آیا چاؤ
ڈُب موئے بگ بپڑے سر تل اوپر پاؤ

ارتھ:۔ بھگت رُوپی ہنسو کو تیرتا ہوا دیکھ کر پاکھنڈیوں کو بھی تیرنے کا شوق چرایا۔ مگر نتیجہ کیا ہوا۔ کہ وہ ڈوب کر مر گئے۔ اُن کے سر نیچے اور ٹانگیں اوپر ہو گئیں۔ اے فرید! ایسے گندم نما جَو فروشوں کا یہی حال ہوا کرتا ہے۔

(۱۲۳)

مَیں جانیا وڈ ہنس ہے تاہیں کیتا سنگ
جاتاں بگ بپڑا جنم نہ بھیڑی انگ

ارتھ:۔ مَیں نے سمجھا کہ یہ کوئی بڑا ہنس ہے۔ اس لیے مَیں اس کے ساتھ ہو گیا۔ بدی میں جانتا۔ کہ یہ پاکھنڈی ہے۔ تو مَیں عمر بھر اس کے نزدیک نہ جاتا۔

(۱۲۴)

فریدا اک دن ایسا آوسی جنگل ہوسی رات
اُپرے ہیل وگن گھنواں چگن گھاس!

ارتھ:۔ فرید جی کہتے ہیں۔ اے فرید! ایک دن ایسا بھی آوے گا۔ جبکہ تیرا شریر فنا ہو جاوے گا۔ اور تو رات کے وقت بے یار و مددگار جنگل میں ہوگا۔ اور افسوس کرے گا۔ کہ کاش مَیں نے کوئی نیک کام کیا ہوتا۔ تیرے اوپر بیل چلیں گے اور گھاس اُگ آئے گی۔ گھوئیں چریں گی۔ تیرا نام و نشان مٹ جاوے گا۔

(۱۲۵)

کیا ہنس کیا بگلا جاکو ندر کرے
جے تس بھاوے نانکا کاگہ ہنس کرے

جس کو الیشور کرپا درشٹی کرے وہ خورد بگلا ہے تب بھی ہنس ہی لگتا ہے

ستگورو جی فرماتے ہیں۔ اگر اُسے منظور ہو تو کوّے سے ہنس کر دے

(۱۲۶)

سرور نکھی ہکیڑو پھاہی وال پچاس
الیہہ تن لہری گڈ تھیا سچے تیری آس

ارتھ:- سنسار روپ سمندر کے کنارے ایک جیو روپ پنچھی کے پکڑنے کیلیے (پچاس پھاہی والی) شکاری ہیں) یہ شتریہ وراثت سے گرو تھا ہوا ہے۔ ہے سچے صاحب اب مجھے تیری ہی آس ہے۔

(۱۲۷)

کون سو اکھر کون گن کون سو منیاں منت
کون سو ویسو ہو کری جت دس آوے کنت

وہ اکھر (حرف) کونسا ہے۔ اور وہ وصف کونسا؟ اور وہ منی منتر کون سا ہے؟ جس کے ورلیہ پتی (پرمیشور) بس میں آتا ہے جو آپ بتاؤ گے۔ میں وہی کروں گی۔

(۱۲۸)

نون سو اکھر کھون گن جہا منیاں منت
الیہہ ترے بھینے ویس کر تا دس آوی کنت

نمرتا (عاجزی) شبھ اکشر ہے کھون دہن شکتی گن ہے زبان سے میٹھا بولنا منی منتر ہے۔ اے بھینی! یہ تینوں سادھن

دھارن روپ دیس کر لو۔ تب پتی بس میں آجاوے گا۔

(۱۲۸)

مست ہووی ہوئے ایاناں۔ تان ہووے ہوئے تنانا
اَن ہووے آپ ونڈائے۔ کوئی ایسا بھگت سدائے

عقل کے ہوتے ہوئے انجان بن کے رہے اور زور آور ہوتے ہوئے طاقت سے ہین ہو کے رہے۔ اپنے پاس نہ ہوتے بھی بانٹ کر کھائے۔ جو کوئی ایسا ہوگا۔ وہی بھگت کہلوا سکتا ہے۔

ختم شد

ہر قسم کی کتابیں ناول۔ قصے۔ کہانیاں
و دیگر دھارمک کتب ہر زبان میں منگوانے
کیلئے پتہ ہمیشہ یاد رکھیں
موہن سنگھ مالک آزاد بکڈپو
ہال بازار۔ امرتسر
(کھنہ لیتھو پریس دہلی)

اوم

نور ہی نور

یعنے

کبیر دوہاوں

ہماری کتابیں ایسی اُپدیش گاہوں سے
نہ ملیں گی جنہیں اپنی سچائی پر شک ہے

موہن لعل مالک چاند بکڈپو
کھاری باؤلی دہلی

(کوہ نور پریس دہلی)

فقیر کبیر

فقیروں کی دُنیا بہت ہی حسیں ہے
حسیں اس قدر رنج اس میں نہیں ہے
اگر کوئی مسکن خوشی کا کہیں ہے
یہیں ہے یہیں ہے یہیں ہے یہیں ہے

جب دُنیا اندھیرے میں ہوتی ہے تو بھگوان کی رحمت جوش میں آتی ہے اور وہ ایسی ہستی کو دُنیا میں بھیجتی ہے جس سے دُنیا کو تسکین ہو۔

کبیر صاحب کی ایک مسلمان نے پرورش کی۔ مگر ان کے گورو شری رامانند جی تھے اور کبیر رام نام میں لین تھے۔ گھر والے بہت ہی ناراض ہوتے تھے۔ مگر عاشق سُنتے کب ہیں؟

الزام ہم پہ کیس لئے عشق بتاں کے ہیں
اس گھر کے ہم نہیں ہیں تو کہئے کہاں کے ہیں
کافر ہیں ہم ضرور اگر عشق کفر ہے
عاشق ہم ایک سانورے بانکے جواں کے ہیں
اللہ کرشن رام وخدا ایزو واحد یہ
اور لاکھوں نام اسی جان جاں کے ہیں
ساکار بھی ہے نراکار بھی وہی!
باہم فضول جھگڑے یہ اہل زباں کے ہیں

بھگوان کے پیارے دُنیا سے کب ڈرتے ہیں؟ جب کرتا دھرتا نے اپنے مُنہ سے نقاب اُتار لیا ہو اور سینے سے لگا لیا ہو۔

پبلشر

جنہوں نے پڑھ کر کبیر صاحب کی کتاب کو پسند فرمایا

ادم

کبیر دوہاولی

لُوٹ سکے تو لُوٹ لے رام نام کی لُوٹ
پیچھے پھر پچھتاؤ گے جب پران جائیں چھوٹ

ارتھ:-
کبیر داس جی کہتے ہیں کہ ہے پرانی! بھگوان کے نام کی لُوٹ چاروں طرف مچی ہوئی ہے اگر لُوٹنا چاہتا ہے تو لُوٹ لے۔ جب وقت نکل جائے گا تو پچھتائے گا۔ یعنی جب تیرے پران نکل جائیں گے۔

پانچ پہر دھندے گیا تین پہر گیا سوئے
ایک پہر ہری نام بن مُکتی کیسے ہوئے

ارتھ:- آٹھ پہر میں سے پانچ پہر کام دھندے میں کھو دیئے اور تین پہر سو کر گذار دیئے۔ تم نے ایک پہر بھی ہری بھجن کے لئے نہیں رکھا۔ پھر موکش کیسے لے سکتا ہے؟

بانی سے پہچانیئے ساہو چور کی بات
اندر کی کرنی سب سے نکلے مُنہ کی بات

ارتھ:- سجن اور دوست ان کی باتوں سے پہچانا جاتا ہے۔

کیونکہ اُن کے اندر کا سارا حال اُس کے مُنہ سے معلوم ہوتا ہے۔

کبیرا تے نر اندھ ہیں گورو کو کہتے اور
ہری رُوٹھے گورو ٹھور ہے گورو روٹھے نہیں ٹھور

ارتھ:- کبیر جی کہتے ہیں کہ وہ نر اندھے ہیں جو گورو کو بھگوان سے چھوٹا مانتے ہیں کیونکہ بھگوان کے رُشٹ ہونے پر ایک گورو کا ہی سہارا ہوتا ہے لیکن گورو کے ناراض ہونے کے بعد کوئی ٹھکانہ نہیں رہتا۔

چھپنی چڑھے چھپن اُترے سو تو پریم نہ ہوئے
اگھٹ پریم پنجر بنے، پریم کہاوے سوئے

ارتھ:- چھپن میں چڑھے اور چھپن میں اُترے، ایسے پریم مت سمجھو جو کبھی گھٹتا نہیں۔ ہر دم نشر پر کی ہڈیوں کے ڈھانچے تک چھا جائے وہی پریم کہلاتا ہے۔

جب میں تھا تب گورو نہیں اب گورو ہے ہم ناہیں
پریم گلی اتی سانکری تا میں دو نہ سمائیں

ارتھ:- جب میرے اندر اہنکار تھا تب ایشور نہیں تھا۔ آج پرماتما ہے تو اہنکار مٹ گیا ہے یعنی پرماتما کے درشن سے اہنکار مٹ جاتا ہے۔

دیا کون پر کیجئے کا پرنِردے ہوئے
سائی کے سب جیو ہیں کیڑی کنجر دوئے

ارتھ:۔ کس پر دیا کرنی چاہیئے؟ کس پر نردیتا کرنی چاہیئے۔ کیڑی اور ہاتھی دونوں ہی پرماتما کے جیو ہیں۔

دیا بھاؤ ہردے نہیں گیان گتھے بید
تے نر نرک ہی جائینگے سُن سُن ساکھا شبد

ارتھ:۔ جن کے دِل کے اندر تو دیا نہیں اور گیان کی باتیں خُوب بناتے ہیں۔ آدمی چاہے جتنی ساکھی شبد کیوں نہ سُنے لیکن نرک ہی ملے گا۔

سب تے لگھوتائی بھلی لگھوتا سے سب ہوئے
جس دُنیا کا چندرماسیس نوے سب کوئے

ارتھ:۔ سب سے چھوٹا بن کر رہنے میں کام آسانی سے نکل جاتے ہیں۔ جیسے دوج کے چاند کو سب سر جھکاتے ہیں۔

اُونچے پانی نہ ٹِکے نیچے ہی ٹھہرائے
نیچا ہو سو بھر پیئے اُونچا پیاسا جائے

ارتھ:۔ پانی اُونچے نہیں ٹھہرتا ہے نیچے ہی ٹِکتا ہے جو نیچے کو ہوتا ہے

پیٹ بھر پانی پی لیتا ہے اور جو اُونچا کھڑا ہے وہ پیاسا ہی رہ جاتا ہے۔

دِھیرے دِھیرے رے منا دھیرے سب کچھ ہوئے
مالی سوچے سو گھڑا رُت آئے پھل ہوئے

ارتھ:۔ ہے من! سب کچھ دھیرے دھیرے ہو جائے گا۔ مالی سینکڑوں گھڑے پانی پیڑ میں دیتا ہے پر پھل رُت آنے پر لگتا ہے۔

کبیرا دِھیرج کے دھرے ہاتھی من بھر کھائے
ٹُوک ایک کے کارنے سُوان گھرے گھر جائے

ارتھ:۔ کبیر داس جی کہتے ہیں۔ دھیرج دھرنے کی خاطر ہی ہاتھی من بھر کھاتا ہے اور دھیرج نہ رکھنے کی وجہ سے کُتا ایک ایک ٹکڑے کے لئے گھر گھر مارا مارا پھرتا ہے۔

جہاں کام تہاں نام نہیں جہاں نام تہاں کام
دونوں کبہوں نہ ملے روی رجنی ایک دھام

ارتھ:۔ جس من میں کامناؤں کا سمادیش ہے وہاں ایشور نام نہیں آ سکتا۔ اور جہاں ہری کا نام ہے وہاں کامنائیں مٹ جاتی ہیں۔ جس طرح سُورج اور چندرماں نہیں مِل سکتے۔ اسی طرح جس من میں ایشور کا سمرن ہے وہاں کامنائیں نہیں رہ سکتیں۔

جب ہی نام ہردے دھریو بھیو پاپ کو ناش
مانو چنگی اگنی کی پڑی پرانی گھاس

ارتھ:- جس طرح اگنی کی چنگاری پرانی گھاس پر پڑ کر اس کو پھونک کر رکھ دیتی ہے ویسے ہی ہری نام کے جاپ سے پاپ نشٹ ہو جاتے ہیں۔

مارگ چلتے جو گرے تا کو نا ہیں دوش
کہے کبیر بیٹھا رہے تا سر کڑے کوس

ارتھ:- راستہ چلتے چلتے جو گر پڑے اس کا کچھ قصور نہیں مانا جاتا لیکن کبیر صاحب تو کہتے ہیں جو بیٹھا رہے گا اس کے سر پر تو کٹھن کوس بنے رہیں گے۔

ست بیں ہی ست باٹئی روٹی بیں کے ٹوک
کہیں کبیر تا داس کی کبہوں نہ آئے چوک

ارتھ:- جو سچائی کو بانٹتا ہے یعنی سچائی کا پرچار کرتا ہے اور روٹی میں سے ٹکڑا بانٹتا ہے۔ کبیر جی کہتے ہیں کہ اس بھگت سے بھول چوک نہیں ہوتی۔

پھل کارن سیوا کرے جتے نہ من سے کام
کہیں کبیر سیوک نہیں چہیں چوگنا دام

ارتھ:- جو آدمی اپنے دل میں خواہش کو رکھ کر سیوا کرتا ہے وہ سیوک نہیں کہلاتا۔ سیوا کے بدلے قیمت چاہتا ہے سیوا بے لاگ ہونی چاہئے۔

جہاں دیا تہاں دھرم ہے جہاں لوبھ تہاں پاپ
جہاں کرودھ تہاں پاپ ہے جہاں چھما تہاں آپ

ارتھ:- جہاں دیا ہے تہاں دھرم ہے اور جہاں لوبھ ہے وہاں پاپ ہے اور جہاں کرودھ ہوگا وہاں کال ہے اور جہاں چھما ہوتی ہے وہاں خود بھگوان ہوتا ہے۔

باہر کیا دکھلائیے انتر جاپئے رام
کہا کاج سنسار سے تجھے دھنی سے کام

ارتھ:- تجھے سنسار کے دکھاوے سے کیا کام؟ تمہیں تو اپنے بھگوان سے کام ہے۔ اس لئے گپت جاپ کر۔

چھما بڑن کو چاہئے چھوٹن کو اُتپات
کہا وشنو کو گھٹ گیو بھرگو ماری لات

ارتھ:- چھوٹے چاہے جتنا اُتپات کریں لیکن بڑوں کو چھما رکھنی چاہئے۔ وشنو کا کیا گھٹ گیا جو بھرگو نے لات ماردی۔

سُکھ کا ساگر شیل ہے کوئی نہ پاوے تھاہ
شبد بنا سادھو نہیں دریا بنا نہیں شاہ

ارتھ:۔ شیل سُکھ کا ساگر ہے جس کی تھاہ کوئی نہیں پا سکتا ایسے ہی بھگوان کے بھجن بنا سادھو نہیں ہوتا۔ جیسے دھن کے بنا شاہ نہیں کہلاتا۔

شیلونت سب سے بڑا سب رتنن کی کھان
تین لوک کی سمپدا رہی شیل میں آن

ارتھ:۔ جو شیل سبھاؤ کا ہے۔ مانو وہ سب رتنوں کی کھان ہے۔ کیونکہ تینوں لوکوں کی مایا سداچاری (شیل دھنت) میں ہی آکر بستی ہے۔

کبیرا سوپا کیا کرے اُٹھ نہ بھجے بھگوان
جم جب گھر لے جائیں گے پڑا رہیگا میان

ارتھ:۔ کبیر جی کہتے ہیں کہ پرانی کیوں سوتا ہے۔ اُٹھ بھگوان کو بھج کیونکہ جس وقت جم کے دُوت تجھے پکڑ کر لے جائیں گے تو تیرا یہ شریر میان کی طرح پڑا رہ جائے گا۔

مایا مری نہ من مرے مر مر گئے شریر
آشا ترشنا نہ مری کہہ گئے داس کبیر

ارتھ:۔ کبیر داس جی کہتے ہیں کہ انسان کا من نیز اس میں گھسی ہوئی مایا کا ناش نہیں ہوتا۔ اور اس کی اُمیدیں نیز خواہشات کبھی نشٹ نہیں ہوتیں صرف دیکھنے والا شریر ہی مرتا ہے۔ اسی کارن وہ دُکھ ساگر میں سدا غوطے کھایا کرتا ہے۔

کایا کاٹھی کال گھُن جتن جتن سوں کھائے
کایا مدھیہ ہے ایش بسے مرم نہ کاہو پائے

ارتھ:۔ شریر رُوپی کاٹھ کو کال رُوپی گھُن طرح طرح سے کھائے جا رہا ہے۔ لیکن اس شریر میں بھگوان بھی رہتے ہیں یہ بھید کوئی برلا ہی جانتا ہے۔

نیند نشانی موت کی اُٹھ کبیرا جاگ
اور رسائن چھوڑ کے نام رسائن لاگ

ارتھ:۔ کبیر جی کہتے ہیں کہ پرانی اُٹھ جاگ۔ نیند موت کی نشانی ہے۔ دُوسرے رسائنوں کو چھوڑ کر تو بھگوان کے نام رُوپی رسائن میں من لگا۔

رات گنوائی سوئے کے دِوس گنوایا کھائے
ہیرا جنم امول تھا کوڑی بدلے جائے

ارتھ:۔ رات تو سو کر گنوا دی اور دن کھا کر بتا دیا۔ یہ ہیرے جیسا انمول منش شریر کوڑیوں کے بدلے جا رہا ہے۔

ماٹی کہے کمہار سے تو کیا رُوندے موئے
ایک دن ایسا آئے گا میں رُوندونگی توئے

ارتھ:- مٹی کمہار سے کہتی ہے کہ تو مجھے کیوں رُوندتا ہے۔ ایک دِن ایسا آئے گا کہ میں تجھے رُوندوں گی۔

کال کرے سو آج کر آج کرے سو اب
پل میں پرلیہ ہوئے گی بہر کرے گا کب

ارتھ:- جو کل کرنا ہو آج کرلے اور جو آج کرنا ہے اب کرلے۔ پل بھر میں اگر پرلے ہو گئی تو پھر کب کرے گا؟

آئے ہیں سو جائینگے راجہ رنک، فقیر
ایک سنگھاسن چڑھ چلے ایک بندھے جاز نجیر

ارتھ:- جو آیا ہے وہ دُنیا سے ضرور جائے گا۔ چاہے راجہ ہو یا کنگال فقیر۔ لیکن ایک تو سنگھاسن پر جائے گا اور ایک زنجیر میں بندھا ہُوا۔ یعنی کھوٹے کام کرنے والے زنجیروں سے بندھکر جائینگے۔

دُرلبھ منش جنم ہے دیہہ نہ بار بار
ترُوور جیوں پنا جھڑے بہوری نہ لاگے ڈار

ارتھ:- یہ منش جنم بڑی مشکل سے ملتا ہے اور یہ دیہہ بار بار نہیں ملتی جسطرح پیڑ سے پتہ جھڑ جانے کے بعد پھر ڈال سے نہیں لگ سکتا۔

جو توں کو کانٹا بوے تاہیں بوئے تو پھول
تو کوں پھول کے پھول ہیں واکوں ہیں ترشول

ارتھ:- جو تیرے لئے کانٹے بوئے تو اُس کیلئے پھول بو تجھے پھول کے پھول ملیں گے اور اُسے ترشول مانند تیز کانٹے ملیں گے۔

مایا چھایا ایک سی بِرلا جانے کوئے
بھگتاں کے پاچھے لگے سنمکھ بھاگے سوئے

ارتھ:- مایا اور چھایا ایک جیسی ہیں اِسے کوئی ہی جانتا ہے۔ یہ بھاگنے والوں کے پیچھے ہی بھاگتی ہے اور جو سامنے کھڑا ہو کر سامنا کرتا ہے تو وہ خود ہی بھاگ جاتی ہے۔

جہاں آپ تہاں آپدا جہاں سنشے تہاں راگ
کہہ کبیر یہ کیوں مٹے، چاروں وا ردھ روگ

ارتھ:- جہاں آدمی میں گھمنڈ ہو جاتا ہے اس پر مصیبتیں آنے لگ جاتی ہیں۔ اور جب سندیہہ ہوتا ہے تب رنج اور چنتا ہوتی ہے۔ کبیر جی کہتے ہیں کہ یہ چاروں روگ کیسے مٹ سکتے ہیں۔

مانگن مرن سمان ہے مت کوئی مانگیو بھیک
مانگن تے مرنا بھلا، یہ ستگورو کی سیکھ

ارتھ:- مانگنا مرنے کے برابر ہے اسلئے کسی سے بھیک مت مانگو۔ ست گورو کہتے ہیں (شکشا ہے) کہ مانگنے سے مرجانا بہتر ہے۔

دُربل کو نہ ستائیے جاکی موٹی ہائے
بنا جیو کی سوانس سوں لوہ بھسم ہو جائے

ارتھ:- کمزور کو کبھی نہیں ستانا چاہئے جس کی ہائے بہت بڑی ہوتی ہے۔ بنا جیو کی دھونکنی کے سانس سے لوہا بھی بھسم ہو جاتا ہے۔

آوت گاری ایک ہے اُلٹت ہوئے انیک
کہے کبیر نہیں اُلٹیئے وہی ایک کی ایک

ارتھ:- گالی آتے ہوئے ایک ہوتی ہے لیکن اُلٹنے پر بہت ہو جاتی ہیں۔ کبیر جی کہتے ہیں کہ گالی کے بدلے میں اگر اُلٹ کر گالی نہیں دوگے تو ایک کی ایک ہی رہے گی۔

کبیرا یہ تن بات ہے سکے تو ٹھور لگا
کہ سیوا کر سادھ کی کہ گووند گُن گائے

ارتھ:- کبیرا یہ تن جا رہا ہے۔ اِسے ٹھکانے لگا سکے۔ یعنی سارا جیون بیکار جا رہا ہے اسے سنت سیوا اور گووند کا بھجن کر کے اچھا بنا لے۔

گاری سے ہی اُپجے کلہہ، کشٹ اور موچ
ہری چلے سو سادھ ہیں لاگی چلے سو نیچ

ارتھ:- گالی سے ہی کلہہ، دُکھ اور موت پیدا ہوتی ہے جو گالی سُن کر ہار مان کر چلا جائے اُسے سادھو جانو۔ یعنی وہی سجن پُرش ہے۔ اور جو گالی کے بدلے میں گالی دینے لگ جاتا ہے وہ نیچ ہے۔

کتھا کیرتن کل وِشے بھو ساگر کی ناؤ
کہے کبیر جگت میں نا ہیں اور اُپائے

ارتھ:- کبیر جی کہتے ہیں کہ اِس سنسار رُوپی بھو ساگر سے پار اُترنے کے لئے کتھا کیرتن کی ناؤ چاہئے۔ اِس کے سوا پار اُترنے کے لئے اور کوئی اُپائے نہیں۔

کیا بھروسہ دیہہ کا بِنس جائے چھِن ماہہ
سانس سانس سمرن کرو اور بتن کچھ ناہہ

ارتھ:- اِس شریر کا کیا وشواس ہے۔ یہ پل پل میں مِٹتا جا رہا ہے۔ اِس لئے اپنے ہر سانس پر ہری سمرن کرو۔ اور کوئی اُپائے نہیں۔

آیا تھا کس کام کو تُو سویا چادر تان

سُرت سنبھال اے غافلہ اپنا آپ پہچان

ارتھ :- کبیر جی کہتے ہیں کہ اے غافل! تُو چادر تان کر سو رہا ہے اپنے ہوش ٹھیک کر اور اپنے آپ کو پہچان۔ تُو کس کام کے لئے آیا تھا اور تُو کون ہے؟

ایسی بانی بولیئے من کا آپا کھوئے

اورن کو شیتل کرے آپا شیتل ہوئے

ارتھ :- من سے گھمنڈ کو بسار کر ایسی بانی بولنی چاہیئے جو دوسروں کو شیتل کرے۔ اور منش آپ بھی شانت ہو جائے۔

آشا کا ایندھن کرو، منشا کرو ببھوت

جوگی پھیرو یوں پھرو تب بن آوے سُوت

ارتھ :- کبیر جی کہتے ہیں کہ اے جوگی! تُو اپنی آشا اور ترشنا کو پھونک کر راکھ کر کے پھیری کر۔ تب سچے جوگی بن سکو گے۔

تیرا سائیں تجھ میں ہے جیوں پھولن میں باس

کستوری کا ہرن جیوں پھر پھر ڈھونڈت گھاس

ارتھ :- کبیر جی کہتے ہیں کہ ہے منش! تیرا سوامی بھگوان تیرے اندر اُسی طرح ہے جیسے پھولوں میں خوشبو۔ پھر بھی تو جس طرح کستوری والا ہرن اپنے اندر چھپی کستوری کو اگیان کی گھاس میں ڈھونڈتا ہے اسی طرح تُو بھی ایشور کو اپنے سے باہر کھوج رہا ہے۔

کہتا تو بہتے ملے، گہتا ملا نہ کوئے

سو کہتا وہ جان دے جو نہیں گہتا ہوئے

ارتھ :- کہنے والے تو بہت سے ملے لیکن اصل بات کو سمجھنے والا کوئی نہیں۔ تو اُس کے کہنے پر چلنا بھی بیکار ہے۔

جہاں گاہک تہاں ہوں نہیں تہاں گاہک ہیں نانہہ

بن دیکھے بھرمت پھرے پکڑی شبد کی چھانہہ

ارتھ :- کبیر جی کہتے ہیں کہ جس جگہ گاہک ہیں وہاں میں نہیں ہوں۔ یعنی میری بات کو ماننے والے نہیں ہیں۔ لوگ بنا گیان کے بھرمتے پھرتے ہیں۔

دس دوار کا پنجرہ، تا میں پنچھی پون

رہے کو اچرج ہے، گئے اچنبھا کون

ارتھ :- یہ شریر دس دروازوں کا پنجرہ ہے۔ اس میں آتما ہوا نام کا پنچھی ہے۔ ہمیں اس کے پنجرے میں رہنے سے اچنبھا ہوتا ہے۔

اگر اِس شریر سے نِکل جاوے تو کیا اچنبھا ہے۔ یعنی اِنسان کی مَوت کوئی اچنبھے کی بات نہیں۔

سمجھائے سمجھے نہیں پر ہاتھ آئے بکائے
مَیں کھینچت ہُوں آپکے تُو چلا یم پور جائے

ارتھ:۔ کبیر جی کہتے ہیں کہ میں تجھے اپنی طرف کھینچتا ہُوں۔ لیکن تُو دُوسروں کے ہاتھ بِکا جا رہا ہے اور یم پور کی اور جا رہا ہے۔ میرے اِتنے سمجھانے پر بھی تُو نہیں سمجھتا۔

تن بوہت من کاگ ہے لکھشن پوجن اُڑجات
کبہُوں کے بھرم اگم دئی، کبہُوں لگن سیام

ارتھ:۔ اِنسان کا شریر بہان کے سمان ہے اور من باغ کے سمان ہے کہ کبھی تو ندی میں غوطے مارتا ہے اور کبھی آکاش میں جا کر اُڑنے لگتا ہے۔

سمرن سے من لائیے جیسے پانی مین مین
پران تجے چھن بِچھڑے سنت کبیر کہہ دین

ارتھ:۔ کبیر جی کہتے ہیں کہ جیسے مچھلی جل سے ایک چھن کے لئے بچھڑ جاتی ہے تو اُسے چین نہیں پڑتا۔ ایسے ہی سب کو ہر وقت بھگوان کے سمرن میں لگنا چاہیئے۔

سونا سجّن، سادھ جن ٹُوٹ جُڑے سَو بار
دُرجن کمبھ کمہار کے ایسے دھکا دار

ارتھ:۔ سونا اور سادھو دونوں اچھے ہیں۔ یہ سینکڑوں بار ٹُوٹتے اور جُڑتے ہیں۔ لیکن وہ بُرے ہیں۔ جو کمہار کے مٹکے کی طرح ایک بار ٹُوٹ کر نہیں بنتے۔ یعنی جو اچھے ہیں وہ دُکھ کے وقت بھی ویسے ہی رہتے ہیں اور بُرے دُکھ کے وقت اپنے کو کھو بیٹھتے ہیں۔

راس پرائی راکھتا کھایا گھر کا کھیت
اورن کو پر بودھتا، مُکھ میں پڑا ریت

ارتھ:۔ تُو دُوسروں کی رکھوالی کرتا ہے اور اپنے گھر کی نہیں یعنی تُو دُوسروں کو گیان سکھاتا ہے اور خود کیوں پرماتما کا بھجن نہیں کرتا۔

تب لگ تارا جگمگے جب لگ اُگے نہ سُور
تب لگ جیون جگ کرم وِش جیوں لگ گیا سُور

ارتھ:۔ جب تک سُورج اُودے نہیں ہوتا تب تک تارا چمکتا رہتا ہے۔ اِسی طرح جب تک جیو کو پُورا گیان حاصل نہیں ہوتا۔ تب تک وہ جیو کرم کے وش میں ہوتا ہے۔

آگ جو لاگی سمُندر میں دُھواں نہ پرگٹ ہوئے
سو جانے جو جر مُوا جا کی لائی ہوئے

ارتھ - جب من میں پریم کی اگنی لگ جاتی ہے۔ تو اور اُسے کیا جانے - اُسے تو وہی جانتا ہے۔ جس کے من میں اگنی لگی ہے۔ اور یا آگ لگانے والا جانتا ہے۔

بلہاری وا دُودھ کی جا میں نکسے گھیو
آدھی ساکھی کبیر کی چار وید کو جیو

ارتھ - کبیر جی کہتے ہیں کہ میری آدھی ساکھی چاروں ویدوں کی جان ہے - میں کیوں نہ اس دُودھ کا سنمان کروں جس میں سے گھی نکلے - اسی طرح میری آدھی ساکھی چاروں ویدوں کا نچوڑ ہے۔

سب آئے اس ایک میں ڈال پات پھل پھول
کبیرا پیچھے کہہ رہا گہہ پکڑا جب مُول

کبیر جی کہتے ہیں کہ جڑ ہی سے ڈال پات اور پھل پھول لگتے ہیں - جب جڑ ہی پکڑ لو تو سب چیزیں آ جاتی ہیں - یعنی ایشور کا بھروسہ کرو۔

سمرن کی سُدھ یُوں کرو جیوں گاگر پنہار
ہالیں ڈولے سُرت میں کہیں کبیر وچار

ارتھ - کبیر جی فرماتے ہیں کہ جیسے پانی والی کا ہر وقت گاگر میں ہی دھیان رہتا ہے۔ اسی طرح تم بھی ہر وقت اُٹھتے بیٹھتے ایشور میں من لگاؤ۔

اُونچے کُل میں جنمیاں کرنی اُونچ نہ ہوئے
سورن کلش سُرا بھری سادھو نندا سوئے

ارتھ - اگر سونے کے کلش میں شراب ہے تو سب اُسے بُرا کہیں گے - اس طرح اگر کوئی اُونچ کُل میں پیدا ہو کر بُرا کرم کرے تو وہ بھی بُرا ہوتا ہے۔

کبیرا خالق جاگیا اور نہ جاگے کوئے
جاکے وِشے وِش بھرا اس بندگی ہوئے

ارتھ - کبیر جی کہتے ہیں کہ اس سنسار میں یا تو پرماتما جاگتا ہے یا ایشور کا بھجن کرنے والا اور یا پاپی جاگتا ہے - اور کوئی نہیں جاگتا - اگر پاپوں سے چھٹکارہ چاہتے ہو تو بھگوان کا سمرن کرو۔

تیرتھ گئے تے ایک پھل سنت ملے پھل چار
ستگورو ملیں انیک پھل کہیں کبیر وچار

ارتھ۔ کبیر جی کہتے ہیں کہ تیرتھ کرنے سے ایک پھل ملتا ہے اور سنت سیوا سے چار پھل۔ اگر بھگوان مل جاویں تو سارے پدارتھ مل جاتے ہیں۔ اور کسی چیز کی خواہش نہیں رہتی۔

زہر کی زمیں میں ہے روپیہ امرت سینچے سو بار
کبیر اخلق نا تجے جا میں جون وچار

ارتھ۔ ہے کبیر! سنسار میں جس نے کچھ سوچ وچار رکھا ہے وہ ایسے نہیں چھوڑتا۔ اُن سے تو پہلے ہی اپنی زمین میں وِش دے کر تھا نولہ بنایا ہے۔ اب اگر امرت سینچتا ہے تو کیا فائدہ؟

یہ مایا ہے چوہڑی اور چوہڑا کی جو
باپ پوت اُرجھائے کے سنگ نہ کاہو کے ہو

ارتھ۔ کبیر جی فرماتے ہیں کہ یہ مایا برہما بھنگی کی جورو ہے اس نے برہما اور جیو دونوں باپ بیٹے کو اُلجھا رکھا ہے۔ مگر ساتھ ایک کا بھی نہیں دیتی ہے۔ تم کو بھی اس کے دھوکے میں نہیں آنا چاہیئے۔

سنگھ اکیلا بن رہے پلک پلک کرے دُور
جیسا بن ہے آپنا تیسا بن ہے اور

ارتھ۔ جس طرح شیر جنگل میں اکیلا رہتا ہوا پل پل دوڑتا رہتا ہے۔ اسی طرح من روپی شیر شریر میں رہتے ہوئے بھی گھومتا پھرتا ہے۔

جو جن بھیگے رام رس بگت کہوں نہ رُوکھ
انو بھو بھاؤ نہ درسے تے نر دُکھ نہ سُکھ

ارتھ۔ جس طرح سوکھا پیڑ نہیں پھلتا۔ اسی طرح رام کے بنا کوئی پھل پھول نہیں پکتا۔ جن کے من میں رام نام کے سوا دُوسرا بھاؤ نہیں ہے۔ اُس کا دُکھ سُکھ کا بندھن نہیں۔

کبیر اجات پکار یا چڑھ چندن کی ڈار
بات لگائے نہ لگے پھر کیا لیت ہمار

ارتھ۔ کبیر جی فرماتے ہیں کہ میں نے چندن کی ڈالی پر چڑھ کر بہت سے لوگوں کو پکار کر ٹھیک راستہ بتایا۔ لیکن جو ٹھیک راستہ پر نہیں آتا۔ وہ نہ آوے۔ ہمارا کیا لے گا۔ آپ دُکھ بھوگے گا۔

دان دیئے دھن نہ گھٹے ندی نہ گھٹے نیر
اپنی آنکھوں دیکھ لو یُوں کتھ کہے کبیر

ارتھ۔ کبیر جی فرماتے ہیں کہ تم غور سے دیکھو کہ ندی کا پانی پینے سے کم نہیں ہوتا۔ اور دان دینے سے دھن نہیں گھٹتا۔

جو جانو جیو اپنا کرہو جیو کو سار
جیئرا ایسا پاہونا ملے نہ دُوجی بار

ارتھ۔ اگر تم یہ سمجھتے ہو کہ یہ جیو ہمارا ہے تو اسے رام نام سے بھر دو۔ کیونکہ یہ ایسا مہمان ہے جو پھر ملنا مشکل ہے۔

مَیں روؤں سب جگت کو موکو روے نہ کوئے
موکو روے سو جنا جو شبد وِوے کی ہوئے

ارتھ۔ کبیر جی فرماتے ہیں کہ میں تو سب کو روتا ہوں لیکن میرا درد کسی کو نہیں۔ میرا درد وہی دیکھ سکتا ہے جو میرے شبد کو سمجھے۔

جگ میں بیری کوئی نہیں جو من شیتل ہوئے
یہ آپا تو ڈال دے دیا کرے سب کوئے

ارتھ۔ اگر تمہارے من میں شانتی ہے تو سنسار میں تمہارا کوئی بیری

نہیں۔ اگر تو گھمنڈ کرنا چھوڑ دے تو سب تیرے اُوپر دیا کریں گے۔

ایک کہُوں تو ہے نہیں دُوجا کہُوں تو گار
ہے جیسا تیسا ہی رہے کہیں کبیر وچار

ارتھ۔ میں اُسے ایک کہُوں تو سب جگہ دیکھتا ہے اور اگر دو کہُوں تو برائی ہے۔ ہے کبیر! بس سوچکر یہی کہتا ہُوں کہ جیسا ہے تیسا ہی رہ۔

مُورکھ مُوڑھ کو کر میاں نکھ سکھ پاکھر آہیں
بندھن ہارا کا کرے جب باندھ نہ لاگے تاہیں

ارتھ۔ جس آدمی کو سمجھانے سے اور پڑھانے سے بھی کچھ گیان نہ ہوا ایسے مُنش کو سمجھانا ہی اچھا نہیں کیونکہ تمہاری باتوں کا اس پر اثر نہیں ہوگا۔

کُٹل بچن سب سے بُرا جو کرے تن چھار
سادھو بچن جل رُوپ ہے برسے امرت دھار

ارتھ۔ کٹھور شبد تن کو جلا کر راکھ کر دیتا ہے اس لئے بہت بُرا ہے اور نہیں کہنا چاہئے۔ اور سادھو کی بات پانی کی طرح ہے۔ اس سے امرت دھار برستی ہے۔ جس سے کہ دُوسروں کو فائدہ پہنچتا ہے۔

لوگ بھروسے کون کے بیٹھے رہے اُرگائے
جیئر ہی لُوٹت جم پھرے بھڑوا لُٹے قصائے

ارتھ۔ جیسے میندھے کو قصائی مار ڈالتا ہے اسیطرح جیو کو جم مارنے کی گھات میں لگا رہتا ہے۔ پھر سمجھ میں نہیں آتا کہ لوگ کس کے بھروسے غافل بیٹھے ہوئے ہیں۔ وہ کیوں نہیں گورو سے شکشا اور بچنے کا اُپائے پراپت کرتے۔

کلی کھوٹا جگ آندھرا شبد نا مانے کوئے
چاہے کہُوں ست آئینہ سو اُٹھ بیری ہوئے

ارتھ۔ اگر کلیُگ چھوٹا ہے اور سارا جگ اندھا ہے میری بات کو نہیں مانتا جس کو بھلی بات بتاتا ہُوں وہ میرا بیری ہو جاتا ہے۔

اپنے اپنے سیکھ کی سب ہی لیتی مان
ہری کی بات دُرنتری پُوری نا کہُوں جان

ارتھ۔ ہری کا بھید پانا نہایت مشکل ہے کوئی بھی نہیں جان سکتا۔ بس جس نے یہ جان لیا کہ میں سب جان گیا میرے برابر اب سنسار میں کون ہے۔ اسی گھمنڈ کے بس میں ہو کر وہ ستو کتا سے ہر ایک محروم ہی رہ گیا۔

ہیرا تہاں نہ کھولیے جہاں کنجڑوں کی ہاٹ
باندھا چُپکی پیڑی لاگیہوں اپنی باٹ

ارتھ۔ اپنے ہیروں کو کنجڑوں کے بازار میں کیوں کھولتے ہو وہ بھلا انکی قیمت کیا جانے بس اسی میں بھلائی ہے کہ چپکے سے اپنی پوٹلی باندھکر اپنے راستہ پر چل دو یعنی اپنی نصیحت لاپرواہوں کو دے کر اپنا وقت کیوں گنواتے ہو جب تم قدردان نہیں پاتے تو اپنی بیش قیمت نصیحت کو گانٹھ میں باندھو اور اپنا کام کرو۔

جو تُو چاہے مُکت کو چھوڑ دو سب آس
مُکت ہی جیسا ہی رہے سب کچھ تیرے پاس

ارتھ۔ ایشور کا کہنا ہے کہ اگر تو مُکتی چاہتا ہے تو میرے سوا سب آس چھوڑ دے اور مجھ جیسا ہو جا پھر تجھے کوئی پرواہ نہ رہے گی۔

بھُوکا بھُوکا کیا کرے کہا سُناوے لوگ
بھاڈا کھڑا اجن مُکھ دیا سوئی پُورن جوگ

ارتھ۔ تُو اپنے آپ کو بھُوکا کہکر کیا سناتا ہے لوگ کیا تیرا پیٹ بھر دیں گے یاد رکھ جس پرماتما نے تجھے منہ اور شریر دیا ہے وہ تیرا کام پُورا کرے گا۔

بازیگر کا باندرا ایسا جیو من کے ساتھ
نانا ناچ دکھائے کر راکھے اپنے ہاتھ

ارتھ۔ جس طرح بازیگر اپنے بندر سے طرح طرح کے ناچ دکھا کر اپنے ساتھ رکھتا ہے اسیطرح من بھی جیو کے ساتھ ہے وہ بھی جیو کو اپنے اشارے پر چلاتا ہے۔

اوگن کہوں شراب کا آپا احمق ہوئے
مانش سے پشوا کرے، دام گانٹھ سے کھوئے

ارتھ۔ تم سے شراب کی برائی کرتا ہوں کہ شراب پی کر خود پاگل ہوتا ہے مورکھ اور جانور بنتا ہے۔ اور جیب سے رقم بھی لگتی ہے۔

سائیں آگے ساچ ہے سائیں ساچ سہائے
چاہے بولے کیس رکھ چاہے گھوٹ مُنڈائے

ارتھ۔ پرماتما سچائی کو پسند کرتا ہے۔ چاہے تم جٹا بڑھا کر سچ بولو اور چاہے سر منڈوا کر۔

سوتا سادھو جگائیے کرے نام کا جاپ
یہ تینوں سوتے بھلے سانکت، سنگھ اور سانپ

ارتھ۔ اگر سادھو سوتا ہو تو اُسے جگانا چاہیئے تاکہ بھجن کرے اور ادھرمی، سنگھ اور سانپ کو نہیں جگانا چاہیئے۔ کیونکہ یہ تینوں اُٹھتے ہی لوگوں کو دُکھ دیتے ہیں۔

سنت پُرش کی آرسی سنتوں ہی کی دیہہ
لکھا جو چاہے الکھ کو اُنہیں میں لکھ لیہہ

ارتھ۔ سنتوں کا شریر شیشے کی طرح صاف ہوتا ہے ان کے من میں ایشور دکھائی دیتا ہے۔ اگر تو ایشور دیکھنا چاہتا ہے تو اُن میں ہی دیکھ لے۔

لیک پرانی تجت ہیں کائر، کُٹل، کپوت
لیک پُرانی پر رہیں، شائر، سنگھ، سپوت

ارتھ۔ پُرانے راستے کو کائر، دھوکے باز اور نالائق سنتان چھوڑ دیتی ہے لیکن چتر، شیر اور لائق بچے اپنا پُرانا طریقہ نہیں چھوڑتے اور اس طرح چلتے ہیں جس میں کچھ فائدہ ہو۔

کھیت نہ چھوڑے سُورماں جُجھے دو دل ماہیہ
آشا جیون مرن کی من میں راکھے ناہیہ

ارتھ۔ جو بلوان ہے وہ دو سینا کے بیچ میں بھی لڑتا رہے گا۔ اُسے اپنے مرنے جینے کی چنتا نہیں۔ وہ میدان چھوڑ کر نہیں بھاگے گا۔

وید مُوا، روگی مُوا، مُوا سکل سنسار
ایک کبیرا نا مُوا، جیہی کے رام آدھار

ارتھ۔ کبیر جی فرماتے ہیں کہ بیمار مر گیا اور جس وید کا اُسے سہارا تھا وہ بھی مر گیا۔ یہاں تک کہ کُل سنسار مر گیا۔ لیکن وہ نہ مرا جسے رام کا آسرا تھا۔ اس لئے ہے جیو۔ ہر سمے بھگوان کا سمرن کر۔ بھگوان کے سمرن سے ہی موکھش پراپت ہوگا۔

سائیں سے سب ہوت ہے بندے سے کچھ ناہیں
رائی سے پربت کرے پربت رائی ماہیں

ارتھ- ایشور جو چاہے کر سکتا ہے بندہ کچھ نہیں کر سکتا۔ ایشور رائی کو پہاڑ اور پہاڑ کو رائی بنا سکتا ہے یعنی بڑے کو چھوٹا اور چھوٹے کو بڑا کر سکتا ہے۔

کچے بھانڈے سے رہے جیوں کمہار کا نیہہ
بھیتر سے رکشا کرے، باہر چاہئے دیہہ

ارتھ- جس طرح کمہار کچے برتن کو بہت دھیان اور پریم سے باہر سے تھپتھپاتا اور اندر سے سہارا دیتا ہے اسی طرح گورو کو چیلے کا دھیان رکھنا چاہئے۔

پریم بھاؤ اک چاہئے بھیش بن کو جائے
چاہے گھر میں باس کر چاہے بن کو جائے

ارتھ- چاہے کوئی لاکھ طرح کے بھیس بدلے۔ چاہے گھر رہے چاہے بن میں جائے۔ لیکن صرف ایک پریم بھاؤ ہونا چاہئے۔

گرو بھ یو گیشور گورو بنا لاگا ہر کا سیو
کہے کبیر بیکنٹھ سے پھیر دیو سکدیو

ارتھ- اگر کسی نے اپنا گورو تو بنایا نہیں اور جنم سپھل ہی ہری سیوا میں لگا ہوا ہے تو اسے شکدیو کی طرح بیکنٹھ سے واپس آنا پڑے گا۔

حد چلے تو مانوا، بید چلے سو سادھ
حد بے حد دونوں تجے تا کو مت اگادھ

ارتھ- جو آدمی سیما تک کام کرتا ہے وہ آدمی ہے جو سیما سے زیادہ کام کے لئے گیان بڑھائے وہ سادھو ہے اور جو سیما سے زیادہ کام کرتا ہے اس کا گیان بہت زیادہ ہوتا ہے۔

ہری بھگت سائل بھے مٹی ماہ کی تاپ
نس باسر سکھ ندھی لہا آن پرگٹا آپ

ارتھ- ایشور کا نام لینے سے جب آتما کو شانتی ہو گئی اور موہ مایا کی آگ دور ہو گئی۔ رات دن سکھ میں گذرنے لگی اور دل میں ایشور کا روپ دیکھنے لگا۔

سادھو، ستی اور سورماں ان کی بات اگادھ
آشا چھوڑیں دیہہ کی تن میں انھک سادھ

ارتھ- سادھو، ستی اور سورماں کی باتیں نیاری ہیں۔ یہ اپنے جیون کی پرواہ نہیں کرتے۔ اس لئے ان میں سادھن بھی زیادہ ہے۔

کبیر سب جگ نردھنا، دھنونتا نہیں کوئے
دھنونتا سوئی جانیئے جاہی رام نام دھن ہوئے

ارتھ- کبیر صاحب کہتے ہیں کہ سارا جگت غریب اور نردھن ہے۔ دھنی وہی ہے جس کے پاس رام نام کا دھن ہے۔

یعنی رام کا کیرتن کرتا ہے وہی دھنوان ہے۔

ہنسا موتی بکنیا، کنچن تھال بھرائے
جو جس مرگ نہ جانے ساتس کہا کرائے

ارتھ۔ سونے کے تھال میں موتی بھرے ہوئے بک رہے ہیں مگر جوان کی قدر نہیں جانتے وہ کیا کریں ان کو تو ہنس روپی جوہری ہی لے سکتا ہے۔

ایک تے انت انت ایک ہو آئے
ایک سے پرچے بھیا ایک باہیں ہو آئے

ارتھ۔ ایک سے بہت ہو گئے۔ اور پھر سب ایک ہو جاؤ گے جب تم اس بھگوان کو جان لو گے تو تم بھی ایک ہی میں مل جاؤ گے۔

کیتک دِن ایسے گئے اَن رُوچے کا نیہہ
اوسر بوئے اُپجے نہیں دھن برسے میہہ

ارتھ۔ بنا پریم کی بھگتی کے سال بیت گئے تو ایسی بھگتی سے کیا فائدہ؟ جیسے بنجر بھومی میں بونے سے بیدا نہیں ہوتا چاہے کتنا مینہہ برسے۔ اسی طرح بنا پریم کی بھگتی کا پھل نہیں ہوتا۔ اس لئے ہر منش کو برتے پریم اور شردھا سے پربھو بھگتی کرنی چاہئے۔ یہی منش جنم کا لابھ ہے

پریم سے بولو جے بھگوان

بہترین کتابیں

بھگت مال ۲ دو روپے
یوگ اور ششٹ تین ۳ روپے
۲ دو پرگرن
سوامی رام تیرتھ ۲/۸/- روپے
مجلد
جنم ساکھی گورو نانک دیو جی
پانچ روپے
رشی کیش کا مہاتما
۱/۸/- ایک روپیہ
دیوانی گوپیاں ایک روپیہ
بھرتری ویراگ شتک
دو ۲ روپے
شیو سروے ۱/۸/- روپیہ

کبیر بھجن مالا ۱/۴/- ایک روپیہ
یوگ آسن ۱/-/- ایک روپیہ
ایکادشی مہاتم ۲ دو روپے
گرڑ پوران ۲/۸/- روپے
مہابھارت مکمل پانچ روپے
درگا پاٹھ چنڈی شتکی ۳ روپے
بھگتی ساگر کلاں تین روپے
پریم ساگر کلاں چار روپے
کارتک مہاتم ایک روپیہ

نوٹ پہلے رقم منی آرڈر کرنا ہوگا
کوڈا کا خرچ نہیں لگایا جائے گا۔

موہن لال مالک چاند بکڈپو کھاری باؤلی دہلی

ست جگ کا انتظار کرنیوالو بھگوت گیتا کا پاٹھ کرو

شریمد بھگوت گیتا

آسان وسلیس ترجمہ مع شلوک سنسکرت بحروف اُردو

جوکہ بھگوان گنگا دھر تلک کی گیتا سے کیا گیا ہے

اِس گیتا میں ستوتر۔ بھجن اور آرتیاں بھی دی گئی ہیں

لکھائی چھپائی دیدہ زیب۔ کاغذ بڑھیا

قیمت مُجلد صرف پانچ روپے

بغیر مہاتم و آرتیاں چار روپے

پیشگی رقم منی آرڈر ارسال کرنے والوں کو محصول ڈاک نہیں لگایا جاویگا

وہ اصحاب صرف قیمت ہی ارسال کریں

ملنے کا پتہ

موہن لال پروپرائیٹر چاند بکڈپو کھاری باؤلی دہلی